کرامات بینات محی الدین عبدالقادر رضی اللہ عنہ
محبوب سبحانی شہباز لامکانی حضرت شیخ غوث اعظم جیلانی

مکتبہ اشرفیہ بازار مسجد مہاجرین مریدکے ضلع شیخوپورہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب : **گلدستہ کرامات**

مصنف : حضرت مولانا مفتی غلام سرور لاہوری علیہ الرحمہ

با ایمائے محبت : حضرت مولانا الحاج مفتی محمد محب اللہ نوری مدظلہ
شیخ الحدیث دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف (اوکاڑہ)

نگران : مولانا محمد منشا تابش قصوری (مریدکے) لاہور

معاون خاص : مستند القراء مولانا الحافظ القاری ذوالفقار احمد عباسی مدظلہ

باہتمام : جناب محمود احمد حافظ قصوری، پروفیسر حافظ محمد مسعود اشرف قصوری ایم اے

پرنٹنگ، ڈیزائننگ بائنڈنگ : شیخ عبدالوحید ہادی 0301-4735853

باراول (پاکستان): ۱۴۳۲ھ / 2011ء

مکتبہ اشرفیہ بازار مسجد مہاجرین۔ مریدکے ضلع شیخوپورہ

رابطہ موبائل نمبر : 0300-8002585, 0345-4680027

چنانچہ باستماع اس ارشاد ربانی کے محبوب سبحانی نے دوگانہ شکر ادا کیا اور فرمایا کہ الحمد للہ تعالیٰ جل اسمی کا اسم الاعظم فی البرکۃ دالت اشیر

مناجات از مولف کتاب تحفی عصمہ

دلا کن ورد نام پاک آن محبوب سبحانی
که از نامش شوی مقبول درگاہ یزدانی

بچشمت سرمہ کن خاک در آن سرور عالی
اگر دو جلوہ گر اندر دولت انوار رحانی

ز اوصاف حمیدہ اش بود اعجاز شی ظاہر
عیان از چہرۂ پرنور او ہم نور ربانی

اگر آید گمس پیشش در شہ چنگ باز گردد
اگر حاضر شود مورے کند حاصل سلیمانی

اگر محتاج باشد تاج یابد از در حضرت
نشیند گر گدا باشد گدا بر تخت سلطانی

باخلاق حسن شد احسن الاخلاق در عالم
بحسن و طلعت زیبا کہ اش یوسف ثانی

طفیل سرور عالم اگر تو سروری خواہی
بکن از صدق دل اے بندہ اختر ثنا خوانی

مناقب چہاردہم در بیان اس بات کے کہ تین لڑکیاں ایک عورت کے بتاثیر دعائے محبوب سبحانی فرزند نرینہ ہو گئیں

مخبران صادق و راویان واثق سے روایت ہے کہ ایک عورت بیچاری منکوحہ ایک بیماری مرد ناحق شناس کی تھی حکم قادر مطلق سے تین لڑکیاں پے در پے اسکے شکم سے تولد ہوئیں اس سبب شوہر بد گوہر اُس سے ناحق دل برداشتہ ہوا اور مستعد دینے طلاق کا ہو کر عورت سے بولا کہ تیرے شکم نحوس سے اب میں بالکل مایوس ہوا ہوں کہ لڑکا پیدا ہوگا اسواسطے اب میں تجھکو طلاق دیتا ہوں چنانچہ وہ عورت نادار آن جناب فلک کاب کی تھی مستغیثانہ دروازہ عدل انداز آن شہنشاہ دو جہاں پر حاضر ہوئی اور فریاد کی کہ اے داد رس ہر بیکس مجھ پائمال رنج و ملال کی عرض سنو کہ بحکم خالق اکبر میرے شکم سے پے در پے تین لڑکیاں پیدا ہوئی ہیں مجھ بیگناہ کا اسمیں کیا گناہ ہے مگر اب شوہر بدگوہر میرا ناحق مجھ کو طلاق دیا چاہتا ہے اس درد والم کی وجہ سے جینا مشکل ہے